موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات
نسلی اقلیتوں کے لئے مساوات کا فروغ

امیگریشن

امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کسی امتیاز کے بغیر معیاری خدمات فراہم کرے گا اور معذوری، جنس، ازدواجی حیثیت، حمل، خاندانی حیثیت، نسل، قومیت اور مذہب سے قطع نظر، عوام کے ہر رکن کے ساتھ احترام، توجہ اور ہمدردی سے پیش آئے گا۔

متعلقہ خدمات

- عوام امیگریشن ہیڈ کوارٹرز، برانچ دفاتر، افراد کے دفاتر کی رجسٹریشن، سمارٹ شناختی کارڈ تبدیلی کے مراکز، پیدائش، اموات اور شادی کی رجسٹریز اور امیگریشن کنٹرول پوائنٹس پر امیگریشن خدمات استعمال کرسکتے ہیں۔

موجودہ اقدامات

- محکمہ اپنی خدمات کی فراہمی میں چینی اور / یا انگریزی زبان استعمال کرتا ہے۔
- محکمہ عوام کے لئے چینی اور/یا انگریزی میں معلوماتی کتابچے اور درخواست فارم فراہم کرتا ہے۔ محکمے کی ویب سائٹ پر معلومات چینی اور انگریزی دونوں میں موجود ہیں۔ جہاں مناسب اور قابل عمل ہو، حوالے کیلئے کچھ معلومات (جیسے رہنمائی نوٹس، فارم، انفرادی جقوق کے نوٹس، وغیرہ) کا ترجمہ نسلی اقلیتی زبانوں میں کیا جاتا ہے۔
- جہاں مناسب اور قابل عمل ہوا، محکمہ ترجمانی کی خدمات کا بندوبست کرے گا۔
- امیگریشن کنٹرول کو عمل میں لاتے وقت، امیگریشن کا عملہ نسلی اقلیتوں کے ساتھ موثر رابطے کو یقینی بنائے گا۔ جب مسافروں کو اترنے کی اجازت دینے سے زنکار کیا جاتا ہے، تو دیئے جانے والت نوٹس مختلف زبانوں میں ہوتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ اترنے کی اجازت سے انکار کئے جانے والوں مسافروں کو ان سے متعلقہ امیگریشن پالیسیاں سمجھ میں آ سکیں۔
- مساوی مواقع اور ریس امتیاز آرڈیننس سے متعلق امور کے سلسلے میں محکمہ اپنے عملے کی تربیت کا انتظام کرتا ہے۔
- محکمہ نسلی اقلیت کے بچوں اور نوجوانوں کو مختلف چینلز، بشمول بات چیت، دورے اور تربیتی پروگرام وغیرہ کے ذریعے شامل کرتا ہے۔

آئندہ کام کی

- نسلی ہم عوام اور عملے کے تاثرات اور تجاویز کو پیش نظر رکھتے

تشخیص ہوئے وقتاً فوقتاً اپنی پالیسیوں کی تشخِص کرتے رہا کریں گے تاکہ جہاں ضروری اور مناسب ہو، اپنی خدمات کو مزید بہتر بنا سکیں۔

اگر آپ کے کوئی تاثرات/تجاویز ہوں، تو براہ مہربانی مینجمنٹ آڈٹ سیکشن سے 4141 2829 یا 4142 2829 پر رابطہ کریں۔

امیگریشن ڈیپارٹمنٹ
جولائی 2019